## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL ON THE CRIMINAL LAW (AMENDMENT) BILL, 2025

I, Chairman of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honour to present this report further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2025] (Private Member's Bill), referred to the Committee on 09th April, 2025.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Anjum Aqeel Khan | Member |
| 3. | Chaudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| 4. | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| 5. | Malik Shakir Bashir Awan | Member |
| 6. | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| 7. | Haji Jamal Shah Kakar | Member |
| 8. | Syed Rafiullah | Member |
| 9. | Sardar Nabeel Ahmed Gabol | Member |
| 10. | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 11. | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12. | Khawaja Izhar Ul Hassan | Member |
| 13. | Ms.Rana Ansar | Member |
| 14. | Mr. Muhammad Ijaz -Ul- Haq | Member |
| 15. | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| 16. | Mr. Shehryar Khan Afridi | Member |
| 17. | Mr. Mohammad Jamal Ahsan Khan | Member |
| 18. | Mr. Nisar Ahmed | Member |
| 19. | Syed Mohsin Raza Naqvi<br>Minister for Interior and Narcotics Control | *Ex-officio* Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at **'Annexure-'A'**, in its meetings held on 26-11-2025, 23-12-2025 and recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the Assembly.

Sd/-
**(Saeed Ahmad Maitla)**
Acting Secretary
*Islamabad, the 13th January, 2026*

Sd/-
**(Raja Khurram Shahzad Nawaz)**
Chairman

**Annexure-A**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898)*

**WHEREAS,** it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (XLV of 1860) and the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898) in the manner and for the purposes hereinafter appearing:-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act may be called the Criminal Law (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new section 382A, Act XLV of 1860.**_ In the Pakistan Penal Code (XLV of 1860), after section 382, the following new section (382-A), shall be added, namely:-

"**382-A. Snatching and a street crime after preparation made for causing death, hurt or restraint in order to the committing of the street crime.**_ (1) Whoever intimidates, threatens, or coerces any person by requiring his to relinquish or by demanding their movable property, such as mobile phones, jewelry, and personal belongings, shall be deemed to have committed snatching or street crime.

(2) Whoever commits snatching or street crime, having made preparation by using firearm, causing death, or hurt, or restraint, or fear of death, or of hurt, or of restraint, to any person, in order to the committing of such offence, or in order to the effecting of his escape after the committing of such offense, or in order to the retaining of movable property' taken by such offense, shall be punished with rigorous imprisonment for a term, which may extend to ten years, and shall also be liable to fine."

3. **Amendment of section 181, Act V of 1898.-** In the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898), in section 181, after sub-section (4), the following new sub-section (5), shall be added, namely:-

"(5) Any unlawful act committed in public or open area where an offender using firearm, intimidates, threatens or coerces any other person by snatching or to relinquish or demand his moveable property like Mobile Phone, Jewelry and personal belonging etc and deprive that person of his possession or liberty, may be inquired into or tried by a special Court within the local limits of whose jurisdiction such offence was committed or the property stolen was possessed by the snatcher or by any person who received or retained the same knowing or having reason to believe it to have been snatched or stolen."

4. **Amendment of Schedule II, Act V of 1898.-** In the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898), in schedule II, after entry 382, a following new entry 382A in column (1) and the corresponding entries relating thereto in column (2) to (8) shall be added, namely:-

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 382 A | Snatching and a street crime after preparation made for causing death, hurt or restraint in order to the committing of the street crime | May arrest without warrant | Warrant | Not Bailable | Not Compoundable | Rigorous Imprisonment for ten years, and fine | Court of Session, Magistrate of the first Class |

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

This Bill seeks to address the escalating issue of street crimes, particularly those involving violence, intimidation, or coercion in public spaces, by introducing stringent legal measures and procedural mechanisms under the Pakistan Penal Code and Criminal Procedure Code (CrPC). The primary objective is to ensure the safety of citizens in public areas, deter criminal behavior, and streamline the prosecution and punishment of offenders involved in street crimes.

The Bill will apply to all individuals involved in the commission, facilitation, or concealment of street crimes within the jurisdiction of the relevant legal authority. It seeks to amend existing laws, including the Pakistan Penal Code (PPC) and Code of Criminal Procedure (CrPC).

Bill seeks to achieve the aforesaid objective.

Sd/-
**KHAWAJA IZHAR UL HASSAN**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۹/اپریل، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مجموعہ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل ۲۰۲۵ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ قائمہ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب انجم عقیل خان | رکن |
| ۳۔ | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| ۴۔ | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| ۵۔ | ملک شاکر بشیر اعوان | رکن |
| ۶۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۷۔ | حاجی جمال شاہ کاکڑ | رکن |
| ۸۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۹۔ | سردار نبیل احمد گبول | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | خواجہ اظہار الحسن | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اعجاز الحق | رکن |
| ۱۵۔ | جناب حسین الٰہی | رکن |
| ۱۶۔ | جناب شہریار خان آفریدی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب محمد جمال احسن خان | رکن |
| ۱۸۔ | جناب نثار احمد | رکن |
| ۱۹۔ | سید محسن رضا نقوی<br>وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۶ نومبر، ۲۰۲۵ء اور ۲۳ دسمبر، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں 'منسلکہ۔'الف' کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔

(سعید احمد میتلا)

قائم مقام سیکرٹری

دستخط/۔

(راجہ خرم شہزاد نواز)

چیئرمین

اسلام آباد، ۱۳ جنوری، ۲۰۲۶ء

مسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء(نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء)اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء(نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء)

# میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کیلئے مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء(نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء)اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء(نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

لہٰذا بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا قانون فوجداری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء میں، نئی دفعہ ۳۸۲/الف کی شمولیت:۔** مجموعہ تعزیرات پاکستان (نمبر ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں، دفعہ ۳۸۲ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ (۳۸۲/الف) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**"۳۸۲/الف۔ چھینا جھپٹی اور گلیوں، محلوں یا عوامی مقامات پر جرائم کے ارتکاب کے لئے جان سے مارنے، ضرر پہنچانے یا مزاحمت پر اکسانے کے لئے گھات لگا کر کی گئی واردات۔** (۱) جو کوئی کسی بھی شخص کو دھمکائے، اسے دھمکی دے کر یا جبراً اس کی منقولہ املاک، جیسے موبائل فونز، زیورات، اور ذاتی اشیاء کی ملکیت سے دستبردار ہونے کا مطالبہ یا تقاضا کرے، تو وہ چھینا جھپٹی کی واردات یا گلی محلوں یا عوامی مقامات پر جرم کا مرتکب متصور ہوگا۔

(۲) جو کوئی گھات لگا کر پستول استعمال کر کے گلی محلوں یا عوامی مقامات پر چھینا جھپٹی یا جرم کا ارتکاب کرتے ہوئے کسی شخص کو جان سے مار دے، یا ضرر پہنچائے یا مزاحمت پر اکسائے، یا موت، ضرر، یا مزاحم ہونے کا خوف دلائے، تاکہ وہ ایسے جرم کا ارتکاب کر سکے، یا ایسے جرم کے ارتکاب کے بعد فرار ہو سکے، یا ایسے جرم سے حاصل ہونے والی منقولہ املاک کو قبضے میں کر سکے، تو ایسا شخص ایسی مدت کے لئے قید بامشقت کا مستوجب ہوگا جو دس سال تک ہو سکتی ہے، اور جرمانے کا بھی سزاوار ہوگا۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۸۱ میں ترمیم۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں، دفعہ ۱۸۱ میں، ذیلی دفعہ (۴) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۵) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۵) عوامی یا کھلے مقام پر سرزد کوئی بھی غیر قانونی فعل جہاں کوئی مجرم آتشیں اسلحہ استعمال کرتے ہوئے کسی دوسرے فرد کو ڈراتا، دھمکاتا، یا زبردستی کرتا ہے یا ان کی منقولہ جائیداد جیسے موبائل فون، زیورات اور ذاتی سامان وغیرہ کا مطالبہ کرتا ہے اور مضروب شخص کو ان کے زیر ملکیت سامان یا آزادی سے محروم کرتا ہے تو ایسے شخص کی انکوائری کی جا سکتی ہے یا مقامی عدالت کی طرف سے اس کی حدود کے اندر

مقدمہ چلایا جاسکتا ہے جہاں وقوعہ کا ارتکاب ہوا ہے یا چوری شدہ جائیداد چھیننے والے کے پاس تھی یا کسی ایسے شخص کے پاس تھی جس نے اسے چھیننے یا چوری ہونے کے بارے میں جانتے ہوئے یا اس پر یقین ہونے کے باوجود حاصل کیا ہو یا اسے اپنے پاس رکھا ہو۔"

۴۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء شیڈول دوم میں ترمیم۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں، شیڈول دوم میں، اندراج ۳۸۲ کے بعد، کالم (۱) میں حسب ذیل نیا اندراج ۳۸۲الف اور کالم (۲) تا (۸) میں اس سے متعلقہ مماثل اندراجات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۸۲الف | چھینا جھپٹی اور اسٹریٹ کرائم بعد از تیاری برائے ارتکاب قتل، چوٹ پہنچانا یا روکنا بغرض ارتکاب اسٹریٹ کرائم۔ | بغیر وارنٹ گرفتاری کی جاسکتی ہے۔ | وارنٹ | ناقابل ضمانت | ناقابل راضی نامہ | دس سال کیلئے قید بامشقت اور جرمانہ | سیشن عدالت، درجہ اول کا مجسٹریٹ۔ |

## بیان اغراض وجوہ

اس بل کا مقصد مجموعہ تعزیرات پاکستان اور مجموعہ ضابطہ فوجداری (سی آر پی سی) کے تحت سخت قانونی اقدامات اور طریقہ کار کو متعارف کراتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز کے بڑھتے ہوئے مسئلے کو حل کرنا ہے بالخصوص جس میں عوامی مقامات پر تشدد، دھمکیاں یا زبردستی شامل ہیں۔ بنیادی مقصد عوامی مقامات میں شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانا، مجرمانہ رویے کو روکنا، اور اسٹریٹ کرائمز میں ملوث مجرموں کے خلاف قانونی کارروائی اور سزا کو منظم کرنا ہے۔

اس بل کا اطلاق ان تمام افراد پر ہوگا جو متعلقہ قانونی اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں اسٹریٹ کرائمز کے ارتکاب، سہولت کاری یا ان کو پوشیدہ رکھنے میں ملوث ہیں۔ بل ہذا کا مقصد موجودہ قوانین بشمول مجموعہ تعزیرات پاکستان (پی پی سی) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری (سی آر پی سی) میں ترمیم کرنا ہے۔

بل ہذا کا مقصد مذکورہ اہداف کا حصول ہے۔

دستخط/-

**خواجہ اظہار الحسن**

**رکن قومی اسمبلی**